آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ

AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

ہائر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ

امتحانی سلیبس

اسلامی تعلیمات

گیارھویں و بارھویں جماعت کے لیے

ناشر
آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ
بلاک-سی، آئی ای ڈی-پی ڈی سی،۵-۱/بی-۷
فیڈرل بی-ایریا، کریم آباد،
کراچی

گزشتہ نظر ثانی 2012
نظر ثانی شدہ 2022

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONWARDS

© The Aga Khan University Examination Board, 2022

All rights and entitlements reserved.
This syllabus is developed by Aga Khan University Examination Board for distribution to all its affiliated schools only. No part of this syllabus may be copied, reproduced or used for any other purpose whatsoever without prior written permission of the Aga Khan University Examination Board.

ہائر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ
امتحانی سلیبس

اسلامی تعلیمات
گیارھویں و بارھویں جماعت کے لیے

اس نظرِ ثانی شدہ سلیبس سے
گیارھویں جماعت کے سالانہ امتحانات 2023 سے
جب کہ بارھویں جماعت کے سالانہ امتحانات 2024 سے
لیے جائیں گے

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONWARDS

صفحہ نمبر	عنوانات
5	پیش لفظ
7	آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے نصاب (سلیبس) کی تفہیم
8	آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے اسلامی تعلمات کے امتحانی سلیبس کی خصوصی توجیہہ (Rationale)
9	امتحانی سلیبس کے عنوانات اور تعلّمی حاصلاتِ طلبہ
29	جانچنے کا طریقہ
43	خدمات کا اعتراف

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONWARDS

معلومات اور اپنی رائے کے لیے رابطہ کیجیے

پتا: آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ
بلاک-سی، آئی ای ڈی-پی ڈی سی، ۵-۱/بی-۷
فیڈرل بی-ایریا، کریم آباد، کراچی

فون: (92-21) 3682-7011

فیکس: (92-21) 3682-7019

برقیاتی خط: examination.board@aku.edu

ویب سائٹ: http://examinationboard.aku.edu

فیس بک: www.facebook.com/akueb

پیش لفظ

سال 2002 میں آرڈیننس کے تحت قائم ہونے والا آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ (اے کے یو ای بی)، پاکستان میں ثانوی (SSC) اور اعلیٰ ثانوی (HSSC) جماعتوں کے امتحانات لینے والا پہلا خود مختار نجی ادارہ ہے۔ آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کا نصب العین ہے کہ وہ نہ صرف پاکستان بلکہ ترقی پذیر دنیا میں تعلیمی نظام کے حوالے سے مہارت اور جدّت طرازی کا استعارہ بن جائے۔

اپنے اس نصب العین کی تکمیل کے بیش تر طریقوں میں سے ایک طریقہ ایسا نصاب وضع کرنا ہے جو قومی/ بین الصوبائی نصاب (trans-provincial curriculum) اور بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ ہو۔ اے کے یو ای بی، طلبہ، اساتذہ اور ممتحنین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نصاب پر نظر ثانی کرتا ہے۔

SSC اور HSSC کے نصاب (سلیبس) کے جائزے کے مقاصد یہ ہیں:

- پاکستان کے بین الصوبائی نصاب کے اہداف کے ساتھ مسلسل مطابقت کو یقینی بنایا جائے۔
- نصاب (سلیبس) کے متن کی نظر ثانی کر کے متروک یا قدیم معلومات کو حذف کرنے کے لیے نئے مواد کا جائزہ لیا جائے۔
- طلبہ، اساتذہ اور ممتحنین کی بدلتی ضروریات کے مطابق وضاحت اور مطابقت کے لیے جائزہ لیا جائے۔
- ثانوی و اعلیِ ثانوی (SCC & HSSC) جماعتوں میں علمی تسلسل و ترقی کو بہتر اور مضبوط کیا جائے۔
- اعلیٰ تعلیم کے لیے طلبہ کی تیاری کو یقینی بنایا جائے۔

نصاب (سلیبس) پر نظر ثانی کرتے ہوئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات دریافت کرنے کی غرض سے ایک سروے کیا گیا۔ اے کے یو ای بی سے الحاق شدہ اسکولوں کے طلبہ و اساتذہ نے اس سروے میں حصّہ لیا۔ اگلے مرحلے میں بورڈ سے الحاق شدہ اور غیر الحاق شدہ اسکولوں سے مدعو کیے گئے ممتحنین، اساتذہ، اساتذہ کو تربیت دینے والے لوگ اور جامعات کے فاضل خواتین و حضرات پر مشتمل پینل نے ایک طے شدہ، باریک بین اور معیاری طریقہ اپناتے ہوئے نصاب میں تبدیلی کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔

نصاب کو موضوعات اور ذیلی موضوعات میں مرتّب کیا گیا ہے۔ ہر ذیلی موضوع ایسے تعلمی حاصلات (SLOs) میں تقسیم ہے جن کا حصول ممکن ہے۔ SLOs کے تعلمی مراحل (cognitive domain) کو علمی سطح تفویض کی گئی ہے، جنھیں لازمی حاصل کرنا ہے۔ یہ تعلمی درجے/ مراحل 'جاننا'، 'سمجھنا' اور 'اطلاق' ہیں۔ موٴخر الذکر علمی سطح (اطلاق) میں دیگر اعلیٰ مدارج کی حامل دوسری مہارتیں بھی شامل ہیں۔ اس کے بعد 'امتحانی تخصیص پرچہ جات' (Exam Specifications) بھی اس سلیبس کا حصّہ ہے جس میں واضح راہ نمائی دی جاتی ہے کہ ہر موضوع کتنے نمبروں کا ہوگا اور جانچ کیسے کی جائے گی۔

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONWARDS

اس نظر ثانی شدہ نصاب کی تیاری میں اے کے یو ای بی کے Curriculum & Examination Development Unit کی تخلیقی صلاحیتوں، محنت، لگن اور اے کے یو ای بی کے دوسرے Units کا بھی بہت بڑا کردار ہے۔ ہم ڈاکٹر سہیل قریشی کے خاص طور پر بہت شکر گزار ہیں جنھوں نے نظر ثانی کے طریقے کو بہتر بنانے میں اپنی رائے دی۔ ہم ڈاکٹر نوید یوسف کے بھی مشکور ہیں جنھوں نے نظر ثانی کے پورے عمل کے دوران ہماری مدد اور ہدایت کا عمل جاری رکھا۔ رابعہ ہیرانی کا بھی شکریہ کہ جنھوں نے اس نظر ثانی کے پورے عمل کے دوران اپنی قائدانہ صلاحیتوں کے ساتھ نصاب کو مکمل کیا۔ اُن طلبہ اور اساتذہ کے بھی شکر گزار ہیں جنھوں نے needs-assessment survey میں حصّہ لیا۔ اُن تمام پرنسپلز کا بھی شکریہ جنھوں نے اپنے اُن اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی کہ جو survey اور Syllabus revision panel کا حصّہ بنے۔

یہ آپ سب کی محنت اور حوصلہ افزائی ہی کا نتیجہ ہے کہ ہم (اے کے یو ای بی) پاکستان کے بین الصوبائی نصاب اور نصاب سازی کے بین الاقوامی معیارات کا موثر انداز میں اطلاق یقینی بنانے کے لیے-ضروری اقدامات اُٹھا سکے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ سلیبس طلبہ کو وہ مدد اور تعاون فراہم کرے گا جو انھیں تعلیم حاصل کرنے کے اگلے مرحلے میں داخل ہونے کے لیے ضروری ہے اور ہم اپنے تمام طلبہ اور اساتذہ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں جو اس سلیبس کا استعمال کریں گے۔

ڈاکٹر شہزاد جیوا

سی ای او، آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ

ایسوسی ایٹ پروفیسر، فیکلٹی آرٹس اینڈ سائینسز، آغا خان یونیورسٹی

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONWARDS

آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے نصاب (سلیبس) کی تفہیم

1۔ اے کے یو ای بی کا نصاب، طلبہ، اساتذہ، والدین اور دیگر متعلقہ افراد کی راہ نمائی کرتا ہے کہ کس کس درجے (IX, X, XI, XII) میں کون کون سے موضوعات پڑھا کر ان کا امتحان لیا جائے گا۔ ہر ایک مضمون کے نصاب (سلیبس) میں متن کی ترتیب آسان سے مشکل کی طرف دی گئی ہے۔ یوں نصاب (سلیبس) میں شامل موضوعات کی درجہ بہ درجہ تصوّراتی فہم حاصل ہوتی چلی جاتی ہے۔

2۔ نصاب (سلیبس) میں موجود موضوعات کو ذیلی عنوانات اور تعلمی حاصلات (SLOs) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ذیلی عنوانات اور تعلمی حاصلات (SLOs) بیان کرتے ہیں کہ مضمون کی تدریس اور امتحان، کتنی گہرائی اور وسعت تک ہوں گے۔ یہ نصاب ایسے فعال بنانے والے
(SLOs) بھی فراہم کرتا ہے جہاں طالب علم کے سیکھنے کے عمل کو سہارا دینے کی ضرورت ہو۔

3۔ ہر ایک تعلمی حاصل (SLO) کسی خاص **کلمۂ امریہ (Command Word)** سے شروع ہوتا ہے، مثلاً بیان کرنا، وضاحت کرنا وغیرہ وغیرہ۔ کلماتِ امریہ (Command Words) کا استعمال اساتذہ اور طلبہ کی توجہ ان مخصوص کاموں کی جانب مبذول کروانا ہے، جن کی آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے نصاب (سلیبس) میں امیدواروں سے توقع کی گئی ہے کہ وہ اپنے مضمون کی پڑھائی کے سلسلے میں ان پر عمل کریں گے۔ امتحانی سوالات اِنھی کلماتِ امریہ (Command Words) یا ان کے مفہوم کے مطابق استعمال کرکے تشکیل دیے جائیں گے، تاکہ ان کے ذریعے امیدواروں کے جوابات سے ان کی قابلیت کا اندازہ ہو سکے۔

4۔ تعلّمی حاصلاتِ طلبہ کو تین **تفہیمی سطحوں** جاننا [K]، سمجھنا [U]، اطلاق [A] اور دیگر اعلیٰ درجے کی مہارتوں میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ درس و تدریس کی بہتر منصوبہ بندی کی جاسکے۔ اس کے علاوہ کسی مخصوص نصاب سے کثیر الانتخابی سوالات اور عقلی بنیاد پر موضوعاتی سوالات اخذ کرنے میں مددگار ہو۔

5۔ تعلمی حاصلات (SLOs) کے حصول پر توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ ساتھ اس نصاب (سلیبس) کا ایک مقصد رٹّا کلچر کو ختم کرنا بھی ہے، جسے عموماً امتحان کی تیاری کے لیے ترجیحی طریقہ سمجھا جاتا ہے۔ جب کہ متعلقہ، مقامی طور پر دستیاب نصابی کتب تجویز کرتے ہوئے آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ، اساتذہ اور طلبہ کے لیے یہ سفارش کرتا ہے کہ وہ ان تعلمی حاصلات کے حصول کے لیے مختلف النوع تدریسی و تعلمی مواد کا استعمال کریں۔

6۔ یہ نصابات تمام مضامین کے لیے ایک یکساں ترتیب پر عمل پیرا ہیں تاکہ یہ طلبہ اور اساتذہ دونوں کے لیے سہل ہو۔ یہ نصاب، طلبہ، اساتذہ اور ممتحنین کے مابین طلبہ کے تعلمی حاصلات (SLOs) اور **امتحانی تخصیص پرچہ جات (Exam Specification)** سب کا ایک مشترکہ فریم ورک مہیا کرتے ہوئے رابطے کا کام کرتے ہیں۔

7۔ بہ حیثیت مجموعی آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے ثانوی درجات (SSC) کے نصاب (سلیبس) طلبہ کو ایسی مدد فراہم کرتے ہیں جن کے ذریعے وہ اپنے اندر تصوّراتی تفہیم، تنقیدی سوچ اور مسائل کا حل نکالنے والی مہارتیں پیدا کر سکیں۔ یہ نصاب طلبہ کی اعلیٰ ثانوی اسکول سرٹیفکیٹ (HSSC) اور مزید اعلیٰ و پیشہ ورانہ تعلیم کے اگلے مدارج کے لیے مضبوط بنیاد کا کام کرتے ہیں۔

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONWARDS

آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے اسلامی تعلیمات کے امتحانی سلیبس کی خصوصی توجیہہ (Rationale)

آج کے دور میں، شاید پہلے سے بھی زیادہ اس بات کی ضرورت ہے کہ مسلمان اپنے دین و ایمان، اپنی تاریخ اور نظام اخلاقیات سے مزید گہرائی کے ساتھ روشناس و فیض یاب ہوں، تاکہ وہ موجودہ عالمی صورتِ حال میں درپیش مختلف آزمائشوں (challenges) کا سامنا کر سکیں۔ یہی پہلو آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کی نصابی دستاویز اسلامی تعلیمات کے بیان شدہ اغراض و مقاصد کا محور ہے۔

اعلیٰ ثانوی اسکول سرٹیفکیٹ (HSSC) کے طلبہ کے لیے مذکورہ نصابی دستاویز کی رو سے، اسلامی تعلیمات بہ طورِ اختیاری مضمون ہے۔ اسلامی تعلیمات کے اغراض و مقاصد اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ مسلمان طلبہ اپنے دین و ایمان کو جاننے اور سمجھنے کے قابل ہوں۔ ان کے قلوب و اذہان میں اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے لیے محبت و اطاعت پیدا ہو اور وہ قرآن اور سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلّم کی روشنی میں اپنے دینی اور اخلاقی اصولوں پر عمل پیرا ہونا سیکھیں۔ یہ امتحانی نصابی خاکہ (syllabus) ان تمام موضوعات کا احاطہ کرتا ہے جو آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن کے اس دستاویز میں مضمون اسلامی تعلیمات کے لیے بیان ہوئے ہیں۔ ان میں قرآن مجید، احادیثِ مبارکہ، تاریخ اسلام، سیرتِ رسول صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، خلافتِ راشدہ اور تہذیب و تمدّن شامل ہیں۔ یہ امتحانی نصابی خاکہ (syllabus) اپنے تعلّمی حاصلاتِ طلبہ ان ہی عنوانات سے اخذ کرتا ہے۔

یہ سلیبس منتخب قرآنی آیات اور احادیث مبارکہ کے معنی جاننے، ان کی تفہیم اور ان کے اطلاقات پر زور دیتا ہے، کیوں کہ جاننے اور سمجھنے کے ساتھ اطلاق نہایت ہی اہم ہے۔ اس کے ساتھ یہ سلیبس طلبہ میں سیرتِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا مطالعہ، اسوۂ حسنہ پر عمل اور خلفائے راشدین کی زندگی کا مطالعہ اور ان کے عملی اقدامات کو موجودہ حالات سے جوڑنا اور اس پر عمل پیرا ہونے پر زور دیتا ہے، تاکہ طلبہ اپنی زندگی میں قرآن و سنت کے مطابق ڈھال سکیں۔

نصاب سے کیسے رجوع کیا جائے؟

سلیبس میں موجود، موضوعات اور تعلّمی حاصلاتِ طلبہ راہ نمائی فراہم کرتے ہیں اُن تفصیلات کے بارے میں جو طالب علم حاصل کرنا چاہتا ہے۔ آخر میں تخصیص پرچہ جات مزید راہ نمائی کرتی ہے کہ امتحان میں کیا متوقع ہو سکتا ہے۔

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONWARDS

آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ، امتحانی سلیبس 'اسلامی تعلیمات' برائے گیارھویں وبارھویں جماعت کے عنوانات اور تعلّمی حاصلاتِ طلبہ

حصّہ اوّل (گیارھویں جماعت)

عنوانات		تعلّمی حاصِلاتِ طلبہ	جاننا	سمجھنا	اطلاق
			تفہیمی سطحیں		
1۔ القرآن		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
1.1 تعارفِ قرآن	1.1.1	لفظ 'قرآن' کی اصطلاحی تعریف تحریر کرسکیں،	ج۔س [1]		
	1.1.2	لفظ 'قرآن' کے مختلف معانی تحریر کرسکیں،	ج۔س		
	1.1.3	نزول قرآن کے سیاق میں وحی کے تصور کی وضاحت کرسکیں،		*	
	1.1.4	قرآن مجید میں بتائی گئی وحی کی اقسام تحریر کرسکیں،	*		
	1.1.5	رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر نزولِ وحی کی کیفیات بیان کرسکیں،		*	
	1.1.6	بنی نوع انسان کے لیے وحی کی اہمیت وضرورت کو واضح کرسکیں،		*	
	1.1.7	'وحی کی ہدایت پر کس طرح اپنی زندگی میں عمل کیا جاسکتا ہے' وضاحت کرسکیں،		*	
	1.1.8	مکّی ومدنی سورتوں کے مابین فرق کرسکیں،		*	
	1.1.9	قرآن مجید کی جامعیت کو بہ طور اعجاز قرآن بیان کرسکیں،		*	
	1.1.10	قرآنِ مجید کی روزانہ تلاوت کے نتیجے میں انسانی زندگی پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لے سکیں،			*

[1]* ج۔س: جماعتی سرگرمیوں کے طور پر لیا جائے گا اور اس قسم کے تعلّمی حاصلات کو امتحان میں جانچا نہیں جائے گا۔

FOR EXAMINATION BOARDS

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
1.2 حفاظتِ قرآن	1.2.1	رسول اللہ صلّی اللہ علیہِ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حفاظتِ قرآن کے لیے کیے گئے اہتمام کی وضاحت کر سکیں،		*	
	1.2.2	کاتبانِ وحی کے نام تحریر کر سکیں،	*		
	1.2.3	رسول اللہ صلّی اللہ علیہِ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دور میں حفاظِ قرآن (صحابہ وصحابیات کرامؓ) کی فہرست مرتب کر سکیں،	*		
	1.2.4	عہدِ رسالت میں قرآنِ مجید جن چیزوں پر تحریر کیا جاتا تھا، اُن کی نشان دہی کر سکیں،	ج۔س		
	1.2.5	حفاظتِ قرآن کے حوالے سے بہ طورِ خلیفہ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے جو اقدامات اٹھائے، اُن کی وضاحت کر سکیں،		*	
	1.2.6	حفاظتِ قرآن کے حوالے سے حضرت عمر فاروقؓ کی خدمات بیان کر سکیں،		*	
	1.2.7	حفاظت اور اشاعتِ قرآن کے حوالے سے بہ طورِ خلیفہ حضرت عثمان غنیؓ کی خدمات کو واضح کر سکیں،		*	
	1.2.8	موجودہ دور میں قرآن کی حفاظت اور اشاعت کے مختلف طریقوں کو بیان کر سکیں،		*	

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONW

عنوانات		تعلّمی حاصِلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
1.3 ترجمہ اور تشریح	1.3.1	سورۃالبقرہ کی وجہ تسمیہ تحریر کر سکیں،	*		
سورۃالبقرۃ رکوعات: 1 تا 10 (آیات 1 تا 86)	1.3.2	سورۃالبقرہ کی ابتدائی آیات میں متقین کی جو عادتیں بیان کی گئی ہیں ان کو اپنی عملی زندگی میں شامل کرنے کے لیے تجاویز دے سکیں،			*
	1.3.3	آیات نمبر 12-6 میں کفّار کی جو عادتیں بیان کی گئی ہیں، ان کی وضاحت کر سکیں،		*	
	1.3.4	آیات 20-13 میں منافقین کی جو حالت بیان کی گئی ہے، اُن کی وضاحت کر سکیں،		*	
	1.3.5	عصرِ حاضر میں منافقین سے متعلق اِن آیات (20-13) کے اطلاق (ان کے طرزِ عمل سے کس طرح بچا جاسکتا ہے) پر تبصرہ کر سکیں،		*	
	1.3.6	آیات 22-21 کے تصور 'صرف اللہ ہی اس کائنات کا خالق اور رب ہے' کو مثالوں سے واضح کر سکیں،		*	
	1.3.7	آیت 23 میں قرآنِ مجید کی حقانیت (بے شک وشبہ، بنا تحریفِ کتاب) کو واضح کر سکیں،		*	
	1.3.8	آیات 28- 26 کی روشنی میں تصوّرِ ہدایت کو واضح کر سکیں،		*	
	1.3.9	آیت 29 میں زمین و آسمان کی تخلیق اور اللہ تعالیٰ کا عرش پر مستوی ہونے کو واضح کر سکیں،		*	
	1.3.10	فیضانِ ہدایت کے لیے کس قسم کا ذہنی و باطنی رویہ درکار ہے، مثالوں سے واضح کر سکیں،		*	
	1.3.11	حضرت آدم علیہ السلام کو نوازی گئی خلافتِ ارضی کے معنی و تصوّر کو بیان کر سکیں،		*	
	1.3.12	وارث آدم علیہ السلام ہونے کی حیثیت سے ہم پر جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، اُن پر اپنی رائے کا اظہار کر سکیں،			*

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONW

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
	1.3.13	آیات 30-39 کے ضمن میں ملائکہ پر فضیلتِ آدم علیہ السلام کی وضاحت کر سکیں،		*	
	1.3.14	آیات 30-39 میں موجود 'واقعہ آدم و ابلیس' کے تناظر میں انسان کس طرح شیطانی حربوں سے بچ سکتا ہے، تجزیہ کر سکیں،			*
	1.3.15	مسلمان علم حاصل کر کے دوسری اقوام پر دوبارہ کیسے فضیلت حاصل کر سکتے ہیں، تجاویز پیش کر سکیں،			*
	1.3.16	آیات 40-61 میں بنی اسرائیل کو دی گئی اقوامِ عالم میں فضیلت، اُن کی ضد، اُن کی نافرمانیاں اور آلِ فرعون کی جانب سے بنی اسرائیل پر کیے گئے ظلم کو واضح کر سکیں،		*	
	1.3.17	مذکورہ آیات 40-61 کے پیشِ نظر بہ طورِ مسلمان، عملی زندگی میں ہونے والی تبدیلیوں کا تجزیہ کر سکیں،			*
	1.3.18	سورۃ البقرہ کی آیت 62 کی روشنی میں مسلمان دیگر ادیان کے ماننے والوں کے ساتھ کیسے بقائے باہمی کے اصول کے تحت زندگی گزار سکتے ہیں، تجاویز دے سکیں،			*
	1.3.19	سورۃ البقرہ آیات 63-74 میں مذکورہ گائے کے قصّے سے بنی اسرائیل کے جس ذہنی رویے کی عکاسی ہوتی ہے، اُنھیں واضح کر سکیں،		*	
	1.3.20	مسلمانوں میں جمعہ کے دن کی فضیلت اور یہودیوں میں یوم السبت (ہفتہ) کے دن کی فضیلت کو واضح کر سکیں،		*	

FOR EXAMINATION MAY 2023 AND ONWARDS

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
	1.3.21	آیات 79-75 کے مطابق، یہودی کلامِ الٰہی میں جس قسم کی تحریفات کیا کرتے تھے، اُن کی وضاحت کر سکیں،		*	
	1.3.22	آیات 82-80 کے تناظر میں بنی اسرائیل کے تکبر اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُن کی پکڑ کو بیان کر سکیں،		*	
	1.3.23	آیات 84-83 میں بنی اسرائیل کو دیے گئے احکامات کو بیان کر سکیں،		*	
	1.3.24	سورۃ البقرہ کی آیات 85-83 کی روشنی میں اسلام کی تعلیمات کا مفہوم بیان کر سکیں،		*	
	1.3.25	سورۃ البقرہ کی آیات 86 -85 میں بنی اسرائیل کے کس عملی رویے کو بیان کیا گیا ہے، وضاحت کر سکیں۔		*	
1.4 عربی قواعد	1.4.1	عربی قواعد کی اصطلاحات: حرکت، سکون، فتحہ یا نصب، کسرہ یا جر، رفع یا ضمہ، نون تنوین، مجزوم یا ساکن اور مشدد، واحد تثنیہ، جمع اور اسمِ جمع، تذکیر و تانیث، ہمزہ قطعی اور ہمزہ قطعی اور ہمزہ کا اطلاق جملوں میں کر سکیں،			ج۔س
	1.4.2	جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کے فرق کو مثالوں کے ساتھ سمجھ سکیں،		ج۔س	
	1.4.3	مرکبات: مرکبِ تام اور مرکبِ ناقص (مرکبِ اضافی، مرکبِ توصیفی) کو مثالوں کے ساتھ بیان کر سکیں،		ج۔س	
	1.4.4	فعلِ لازم و فعلِ متعدی کو مثالوں کے ساتھ بیان کر سکیں۔		ج۔س	

OR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONW

عنوانات	تعلّمی حاصلاتِ طلبہ		تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
2۔ الحدیث	طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ				
2.1 منتخب احادیث (1۔20) (مطابق ضمیمہ ب) کا ترجمہ اور تشریح	2.1.1	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود منتخب احادیث کے الفاظ کے معنی تحریر کر سکیں،	*		
	2.1.2	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود منتخب احادیث میں دیے گئے کلیدی تصوّرات کی وضاحت کر سکیں،		*	
	2.1.3	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود منتخب احادیث میں دی گئی تعلیمات کے باہمی تعلق پر بحث و تمحیص کر سکیں،		*	
	2.1.4	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود منتخب احادیث کے تناظر میں مسلم معاشرے میں ان احادیث کی تفہیم اور اطلاق کا تجزیہ کر سکیں،			*
	2.1.5	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود منتخب احادیث میں اخلاقی و سماجی زندگی گزارنے کے لیے جو راہ نمائی ملتی ہے، ان پر بحث و تمحیص کر سکیں،		*	
	2.1.6	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود احادیث کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اپنی انفرادی زندگی سے ان احادیث کے اطلاق کی مثالیں دے سکیں،			*
	2.1.7	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود، حدیث نمبر 1 کی روشنی میں اس بات کی نشان دہی کر سکیں کہ اعمال کا دارومدار 'نیتوں' پر مبنی ہے،		*	
	2.1.8	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود، حدیث نمبر 3 کی روشنی میں اسلام کے بنیادی عقائد کی وضاحت کر سکیں،		*	

عنوانات	تعلّمی حاصِلاتِ طلبہ		تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
	طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ				
	2.1.9	ذیلی عنوان 2.1 میں موجود، حدیث نمبر 5 کی روشنی میں کسبِ حلال اور رزقِ حلال کے ایک مسلمان کی عملی زندگی پر اثرانداز ہونے کی عکاسی کر سکیں،			*
	2.1.10	احادیث کی تشریح کرتے وقت جن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے، انھیں بیان کر سکیں،		*	
	2.1.11	احادیث کی تشریح سے کس طرح ہم عہدِ رسالت کی تاریخ، مسائل اور حالات سے آگاہ ہوتے ہیں، واضح کر سکیں،		*	
	2.1.12	دینی مسائل کے حل میں مدد کے لیے احادیث کی تفہیم کیوں ضروری ہے، اس پر تبصرہ کر سکیں۔			*

FOR EXAMINATION IN MAY AND ON...

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	جاننا	سمجھنا	اطلاق
			تفہیمی سطحیں		
3۔ تاریخِ اسلام		**طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ**			
3.1 ظہورِ اسلام	3.1.1	قبل از اسلام اہلِ عرب کی معاشرتی، معاشی، سیاسی اور مذہبی حالت کو بیان کر سکیں،		*	
	3.1.2	عرب میں خاندانِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سماجی حیثیت کو واضح کر سکیں،		*	
	3.1.3	رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ابتدائی زندگی کے اہم واقعات کی وضاحت کر سکیں،		*	
	3.1.4	رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے اپنے معاشرے کی غلط روایات سے خود کو کس طرح محفوظ رکھا، بیان کر سکیں،		*	
3.2 بعد از بعثت نبوی صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم (مکّی زندگی)	3.2.1	رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر پہلی وحی کے نزول کے واقعہ کو تحریر کر سکیں،	*		
	3.2.2	رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو اسلام کی تبلیغ کے حوالے سے مکہ میں پیش آنے والی اہم مشکلات پر تبصرہ کر سکیں،			*
	3.2.3	مسلمانوں کے لیے ہجرتِ حبشہ کی ضرورت اور اہمیت پر اپنی رائے کا اظہار کر سکیں،			*
	3.2.4	'واقعۂ معراج، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی عظمت اور فضیلت کا شاہد ہے' وضاحت کر سکیں،		*	
	3.2.5	بیعتِ عقبہ مسلمانوں کی زندگی میں کیا اہمیت رکھتی تھی، وضاحت کر سکیں،		*	

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	جاننا	سمجھنا	اطلاق
		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
3.3 بعد از ہجرتِ مدینہ (مدنی زندگی)	3.3.1	تاریخِ اسلام میں واقعۂ ہجرت کی اہمیت پر سیر حاصل بحث کر سکیں،		*	
	3.3.2	'میثاقِ مدینہ کا دورِ حاضر میں کس طرح اطلاق ہو سکتا ہے' تجزیہ کر سکیں،		*	
	3.3.3	مدینہ میں مسلم معاشرے کے قیام میں غزوات [غزوۂ بدر، غزوۂ احد، غزوۂ احزاب (خندق)، صلحِ حدیبیہ، بیعتِ رضوان، غزوۂ خیبر، غزوۂ موتہ، فتحِ مکہ، غزوۂ حنین، غزوۂ تبوک] اور سرایا کی اہمیت واضح کر سکیں۔		*	
	3.3.4	رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے مختلف حکمرانوں کو جو خطوط ارسال کیے، ان کی حکمت کی تفہیم کر سکیں،		*	
	3.3.5	خطبہ حجۃ الوداع کی تعلیمات پر بحث کر سکیں،		*	
	3.3.6	حجۃ الوداع کی تعلیمات کا اپنی زندگی میں اطلاق کر سکیں،			*
3.4 سیرتِ طیبہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم	3.4.1	رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت کے نمایاں پہلوؤں مثلاً صداقت، امانت، شجاعت، عدل اور عفوودرگزر پر بحث و تمحیص کر سکیں،		*	
	3.4.2	'رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے مثالی کردار کی آج کے مسلمان کس طرح پیروی کر سکتے ہیں' تجاویز دے سکیں،			*

عنوانات	تعلّمی حاصِلاتِ طلبہ		تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
	طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ				
	3.4.3	رسول اللہ صلّی اللہ علیہِ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے قائم کردہ نظامِ عدل کی وضاحت کر سکیں،		*	
	3.4.4	مختلف علاقوں میں متعین کردہ گورنروں کے بارے میں بنیادی معلومات تحریر کر سکیں،	*		
	3.4.5	رسول اللہ صلّی اللہ علیہِ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے عہد میں قائم شدہ زکوٰۃ اور بیت المال کے نظام کی وضاحت کر سکیں۔		*	

FOR EXAMINATION IN MAY 2022 AND ONWARDS

عنوانات	تعلّمی حاصلاتِ طلبہ		تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
4۔ خلافتِ راشدہ	طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ				
4.1 خلفائے راشدین	4.1.1	'خلافتِ راشدہ کو خلافتِ راشدہ کیوں کہا جاتا ہے' وضاحت کر سکیں،		*	
	4.1.2	حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے اہم واقعات کی وضاحت کر سکیں،		*	
	4.1.3	حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کی نمایاں خصوصیات کی وضاحت کر سکیں،		*	
	4.1.4	حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے اہم واقعات کی وضاحت کر سکیں،		*	
	4.1.5	حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے امّتِ مسلمہ کو درپیش مسائل سے نکالنے کے لیے اقدامات اٹھائے ان کی وضاحت کر سکیں۔		*	
	4.1.6	خلفائے راشدین نے اپنے اپنے دور میں جو اقدامات (سیاسی، مذہبی اور انتظامی) اٹھائے، اُن کا تجزیہ کر سکیں۔			*

FOR EXAMINATION IN MAY 2023 AND ONWARDS

عنوانات	تعلّمی حاصلاتِ طلبہ		تفہیمی سطحیں: جاننا	سمجھنا	اطلاق
5۔ القرآن	طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ				
5.1 سورۃ البقرہ رکوعات 11 تا 20 (آیات 87 تا 167)	5.1.1	ان انبیا علیہم السلام کے نام تحریر کر سکیں جن پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں،	ج۔س		
	5.1.2	آیات 91-87 کے مطابق 'لوگوں نے کس طرح انبیا علیہم السلام کی تعلیمات کو قبول یا رد کیا' واضح کر سکیں،		*	
	5.1.3	آیات 94-92 میں بیان کردہ بنی اسرائیل کے دلوں میں بچھڑے کی محبت (بچھڑے کی پوجا) اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کی گئی اُس کی مذمت کی وضاحت کر سکیں،		*	
	5.1.4	آیات 94-92 کی روشنی میں لوگوں کو شرک وبدعات سے بچانے کے لیے طریقے تجویز کر سکیں،			*
	5.1.5	آیت 96-95 کی رو سے 'یہ دنیا امتحان ہے اور اصل زندگی آخرت کی ہی ہے' مثالوں سے واضح کر سکیں،			*
	5.1.6	آیات 98-97 کی رو سے ملائکہ کی اہمیت بالخصوص حضرت جبرائیل علیہ السلام و حضرت میکائیل علیہ السلام کی فضیلت واضح کر سکیں،		*	
	5.1.7	آیت نمبر 113 کے حوالے سے 'مذاہب کے درمیان بہتر افہام و تفہیم کی فضا کیسے قائم کی جاسکتی ہے' تجویز دے سکیں،			*
	5.1.8	آیات 115-114 کی رو سے مسجد کی اہمیت کو واضح کر سکیں،		*	
	5.1.9	حضرت ابراہیم علیہ السلام کا امتحان اور بیت اللہ کی تعمیرِ نو (آیات 128-124) کے واقعات کی وضاحت کر سکیں،		*	

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
	5.1.10	حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نبی کریم صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے مبعوث کیے جانے کے لیے دعا (آیت 129) کو واضح کر سکیں،		*	
	5.1.11	آیات 132-133 میں وصیتِ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور اُس وصیت کا اصل پیغام بیان کر سکیں،		*	
	5.1.12	آیات 142- 150 کی رو سے تبدیلیٔ قبلہ کے واقعہ کو بیان کرتے ہوئے اس کی اہمیت کو بیان کر سکیں،		*	
	5.1.13	آیت 154 کی رو سے تصورِ شہادت اور شہدا کی عظمت کو بیان کر سکیں،		*	
	5.1.14	آیات 155-157 کی رو سے 'اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش میں کامیاب ہونے کے لیے ثابت قدم رہنا چاہیئے' عملی زندگی سے مثالیں دے سکیں،		*	
	5.1.15	آیت 158 کی رو سے مناسکِ حج کے عملی زندگی میں اثرات کا تجزیہ کر سکیں،			*
	5.1.16	آیات 163-164 کی رو سے اللہ تعالیٰ کے قادرِ مطلق ہونے اور اس کی قدرت کے مظاہر کی چند مثالیں دے سکیں،		*	

عنوانات	تعلّمی حاصلاتِ طلبہ		تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
	طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ				
5.2 عربی قواعد	5.2.1	کلماتِ استفہام: 'ہمزہ، ھل، ما، متی، این، کیف، کم، انی، لم' کو کم از کم ایک ایک مثال کے ساتھ سمجھ سکیں،		ج۔س	
	5.2.2	اسمِ ضمیر (ضمیر متصل، ضمیر منفصل، تعریف مع گردان) کو دہرا سکیں،	ج۔س		
	5.2.3	اسمِ فاعل، اسمِ مفعول (تعریف مع امثلہ) کی شناخت کر سکیں،		ج۔س	
	5.2.4	اقسامِ فعل: 'ماضی، مضارع، امر، نہی کی تعریفات اور ترتیب دینے کے قواعد اور گردانیں یاد کرنے علاوہ، اُن کی تفہیم کر سکیں۔		ج۔س	

FOR EXAMINATION IN ... AND ONW...

عنوانات	تعلّمی حاصلاتِ طلبہ		تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
6۔ الحدیث	طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ				
6.1 تعارفِ حدیث	6.1.1	حدیث کے لغوی و اصطلاحی معانی تحریر کر سکیں،	*		
	6.1.2	حدیث اور سنّت میں فرق کر سکیں،		*	
	6.1.3	حدیث کی مختلف اقسام (اقسام باعتبارِ سند، باعتبارِ اتصالِ سند، باعتبارِ صحت و ضعف) کی وضاحت کر سکیں،		*	
6.2 اہمیتِ حدیث	6.2.1	عبادات کی بجا آوری اور روزمرہ زندگی گزارنے کے لیے احادیث کی اہمیت و ضرورت کے بارے میں بحث و تمحیص کر سکیں،		*	
	6.2.2	علم حدیث کی بنیادی اصطلاحات (صحابی، تابعی، تبع تابعی، متن، روایت، درایت، ثقاہت، ضبط، جرح، تعدیل، سنت، خبر، راوی، متفق علیہ، صحیحین، محدث، حاکم، حافظ، حجت) کی وضاحت کر سکیں،		*	
	6.2.3	مشہور کتبِ احادیث (صحاح ستّہ اور کتب اربعہ) اور ان کے مؤلفین کے بارے میں بتا سکیں،	*		
	6.2.4	جمع و تدوینِ حدیث کے مختلف ادوار (عہدِ رسالت، عہدِ صحابہ، عہدِ تابعین اور تبع تابعین) کی وضاحت کر سکیں،		*	
	6.2.5	جمع و تدوینِ حدیث کے یہ ادوار حصولِ علم اور نشرِ علم سے متعلق مسلم معاشروں کی جن اقدار کو فروغ دیتے ہیں ان پر تبصرہ کر سکیں،			*

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں: جاننا	سمجھنا	اطلاق
		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
6.3 منتخب احادیث کا ترجمہ اور تشریح (مطابق ضمیمہ ج)	6.3.1	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود منتخب احادیث کے الفاظ کے معنی تحریر کر سکیں،	*		
	6.3.2	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود منتخب احادیث سے اسلامی اقدار اخذ کر کے ان کا تجزیہ کر سکیں،			*
	6.3.3	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود منتخب احادیث کی مرکزی تعلیم کا مفہوم بیان کر سکیں،		*	
	6.3.4	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود منتخب احادیث میں دیے گئے کلیدی تصوّرات کی وضاحت کر سکیں،		*	
	6.3.5	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود مسلم معاشرے میں ان احادیث کی تفہیم اور اطلاق کا تجزیہ کر سکیں،			*
	6.3.6	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود احادیث کے تناظر میں اپنی انفرادی زندگی سے اطلاق کی مثالیں دے سکیں،			*
	6.3.7	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود حدیث نمبر کی 1 روسے 'اسلام دوسروں اور خود اپنے آپ کو نقصان پہنچانے سے منع کرتا ہے'، واضح کر سکیں،		*	
	6.3.8	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود حدیث نمبر 3 کی روشنی میں معاشرے سے برائیوں کے خاتمے کے لیے اقدامات تجویز کر سکیں،			*
	6.3.9	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود، حدیث نمبر 4 کے حوالے سے 'ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر کیا حقوق عائد ہوتے ہیں' اُن کی مثالیں دے سکیں،		*	
	6.3.10	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود حدیث نمبر 6 کی روسے اللہ تعالیٰ کس قسم کی خطاؤں کو معاف فرمائے گا، واضح کر سکیں،		*	

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
	طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ				
	6.3.11	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود حدیث نمبر 8 کی روشنی میں 'ایک مومن ہونے کے لیے لازمی طرزِ حیات' کا جائزہ لے سکیں،			*
	6.3.12	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود حدیث نمبر 10 کے مطابق، 'ایسے اعمال جن کا ثواب موت کے بعد بھی جاری رہتا ہے' ان اعمال کو کرنے کے حوالے سے تجاویز دے سکیں،			*
	6.3.13	ذیلی عنوان 6.3 میں موجود حدیث نمبر 17 کی رو سے سے 'اللہ نے مومن کو عمداً قتل کرنے والے کو بخشش سے محروم قرار دیا ہے'، جائزہ لے سکیں۔			*

FOR EXAMINATION IN ... AND ON...

عنوانات		تعلّمی حاصلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
7۔ تہذیب وتمدن		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
7.1 تہذیب وتمدن	7.1.1	لفظ 'تہذیب وتمدن' کے لغوی اور اصطلاحی معانی تحریر کر سکیں،	*		
	7.1.2	اصطلاحات 'اسلامی تہذیب' و 'اسلامی تمدن' کی تعریف بیان کر سکیں،		*	
	7.1.3	ایک مسلمان کی زندگی میں تہذیب وتمدن کی اہمیت پر بحث کر سکیں،		*	
	7.1.4	اسلامی تہذیب وتمدن میں (بنوامیہ وبنوعباس) فنون لطیفہ کی ترقی کی وضاحت کر سکیں،		*	
	7.1.5	مسلمانوں نے فنِ تعمیر، فنِ خطّاطی، طب اور علم جغرافیہ میں جو نمایاں ترقیاں کی، اس کو بیان کر سکیں،		*	
7.2 شخصی زندگی	7.2.1	ایک فرد کی زندگی میں اچھے اخلاق کی اہمیت واضح کر سکیں،		*	
	7.2.2	چند ایسے طریقے تجویز کر سکیں جن کے تحت 'ایک مومن اچھے اقدار (تقویٰ، ذکر، شکر، صبر اور تدبر) اپنا سکتا ہے'			*
	7.2.3	عدل وعفو ودرگزر کے درمیان باہمی تعلق پر بحث کر سکیں،		*	
	7.2.4	اسلامی نقطۂ نگاہ سے 'احسان' کی وضاحت کر سکیں،		*	
	7.2.5	فرد کی زندگی میں احسان کے اطلاق کی تجاویز دے سکیں،			*
	7.2.6	لفظ خدمتِ خلق کا اسلامی نقطۂ نگاہ سے مفہوم تحریر کر سکیں،	*		

عنوانات		تعلّمی حاصِلاتِ طلبہ	تفہیمی سطحیں		
			جاننا	سمجھنا	اطلاق
		طلبہ کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ			
	7.2.7	’خدمت خلق کے ذریعے معاشرے میں تبدیلی لائی جاسکتی ہے‘ اس کے لیے تجاویز دے سکیں،			*
7.3 عائلی زندگی	7.3.1	والدین کے حقوق و فرائض کو واضح کر سکیں،		*	
	7.3.2	اولاد کے حقوق و فرائض کو واضح کر سکیں،		*	
	7.3.3	حقوقِ اِزدواج کی اہمیت اور اس کے مقاصد کی تشریح کر سکیں،			*
	7.3.4	زوجین کے حقوق و فرائض کو واضح کر سکیں،		*	
